بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

ایم ایس، اُردو

داخلہ ٹیسٹ، خزاں ۲۰۱۴ء

وقت: ڈیڑھ گھنٹہ — کل نمبر: ۵۰

معروضی (لازمی)

سوال نمبرا: درج ذیل سوالات کے سامنے مختصر جواب لکھیں اور ۲۰ منٹ کے بعد معروضی پرچہ واپس کر دیں۔ ۱۰

۱۔ ڈراما انارکلی کس کی تصنیف ہے۔

۲۔ مسدس حالی کا اصل نام کیا ہے۔

۳۔ اردو کی معروف خاتون محقق کا نام لکھیں۔

۴۔ اکبری اور اصغری کس مصنف کے کردار ہیں۔

۵۔ کنایات سے کیا مراد ہے۔

۶۔ فورٹ ولیم کالج کہاں واقع ہے۔

۷۔ ستارہ یا بادبان کس کی تصنیف ہے۔

۸۔ اردو انشائیہ کے فروغ میں دو اہم مصنفین کے نام لکھیں۔

۹۔ اقبال کی آخری تصنیف کون سی ہے۔

۱۰۔ اردو کے عناصر خمسہ کے نام لکھیں۔

۱۱۔ مشتاق احمد یوسفی کی وجہ شہرت کیا ہے۔

۱۲۔ اکبر الہ آبادی کس تہذیب کے ناقد ہیں۔

۱۳۔ آب حیات اور مقدمہ شعر و شاعری میں اولین تصنیف کون سی ہے۔

۱۴۔ اردو کے کون سے افسانہ /ناول نگار کو ماضی پرست کہا جاتا ہے۔

۱۵۔ تلمیح سے کیا مراد ہے۔

۱۶۔ رباعی کتنے مصرعوں کی نظم ہوتی ہے۔

۱۷۔ ادب کو کن دو بڑی اصناف میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

۱۸۔ ''غزل ایک نیم وحشی صنف سخن ہے'' کس معروف نقاد کا جملہ ہے۔

۱۹۔ شعر مکمل کریں ع گیا دور سرمایہ داری گیا

۲۰۔ ملا وجہی سے عبدالحق تک کس کی تصنیف ہے۔

بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

ایم ایس، اُردو

داخلہ ٹیسٹ، خزاں ۲۰۱۴ء

انشائی حصہ

نوٹ: کوئی سے دو سوال حل کریں۔

س1۔ اردو شاعری کے عہد زریں (میر و سودا کا دور) کے خصائص کا جائزہ لیں؟ ۲۰

س2۔ اقبال کا تصور خودی کیا ہے؟ بحث کریں۔ ۲۰

س3۔ جدیدیت اور مابعد جدیدیت سے کیا مراد ہے؟ ۲۰